چوتھا اجلاس | پہلا پارلیمانی سال | بارہویں اسمبلی

بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز ہفتہ مورخہ 11 مئی 2024ء بوقت صبح 11:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

ترتیب کارروائی

1) تلاوت قران پاک و ترجمہ

2) قراردادیں

i) **قرارداد نمبر 6 منجانب:۔ جناب محمد صادق سنجرانی، رکن صوبائی اسمبلی۔** (موخر شدہ)

یہ کہ رخشان ڈویژن جو چاغی، واشک، خاران اور نوشکی اضلاع پر مشتمل ہے۔ جہاں میڈیکل کالج کی سہولت میسر نہ ہونے کی بنا علاقے کے غریب طلباء اور طالبات کو میڈیکل کی تعلیم کے حصول کے لئے کوئٹہ اور ملک کے دیگر صوبوں میں جانا پڑتا ہے، وسائل کی عدم دستیابی کی بنا انہیں سخت مشکلات درپیش ہیں۔

لہذا رخشان ڈویژن کے طلباء وطالبات کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ "شہید سالار میڈیکل کالج بمقام خاران" کے نام سے میڈیکل کالج کے قیام کی بابت فوری طور پر ضروری اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔ تاکہ علاقے کے طلباء وطالبات میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

ii) **مشترکہ قرارداد نمبر 8 منجانب:۔ جناب عبدالمجید، پارلیمانی سیکرٹری اور جناب ہدایت الرحمٰن بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی۔** (موخر شدہ)

یہ کہ اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو قیمتی وسائل سے اور طویل ساحلی پٹی سے نوازا ہے لیکن بدقسمتی سے صوبہ کے عوام ان وسائل کے ثمرات سے تا حال محروم ہیں۔ اگر مکران کے ساحل سمندر کی نایاب و قیمتی مچھلیوں کی نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھر میں ڈیمانڈ ہے۔ مگر سندھ کے ٹرالرز ساحل کو تاراج کرنے اور سمندری حیات کی نسل کشی میں مصروف ہیں۔ ٹرالرز کی غیر قانونی فشنگ کی وجہ سے نہ صرف درجنوں مچھلیوں کی نسلیں نایاب ہو چکی ہیں بلکہ غیر قانونی ٹرالنگ نے سمندر کو بانجھ کر دیا ہے جو کہ سالانہ تقریباً 70 ارب روپے کی مچھلیاں لے جا رہے ہیں سمندر میں مچھلیوں کے غیر قانونی شکار کرنے والے ٹرالرز کو اجازت دے کر بلوچستان کی معیشت کو تباہ اور مقامی ماہی گیروں کو نان شبینہ کا محتاج بنا دیا گیا ہے۔ نیز ایک منصوبے کے تحت محکمہ فشریز کو بیکار بوٹس اور سیاسی بھرتیوں نے ناکارہ بنا دیا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ گوادر کے ساحل سے غیر قانونی ماہی گیری و ٹرالنگ کو ختم کرنے لئے سخت اقدامات اٹھائے۔ اور عوام دشمن عمل میں ملوث عناصر و سرکاری آفیسران کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ نیز حکومت ماہی گیروں کے معاش کو بچانے کے لئے بلوچستان کے ساحل کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔

کوئٹہ
مورخہ 10 مئی 2024ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

Scanned with CamScanner